© rasailojaraid.com



لی خوشحالی یا بدحالی پر گہرا اثر پڑتا ہے۔ چیزیں سستی ہوں گی تو عام لوگ انہیں آسانی سے خرید سکیں گے اور ان کی روزمرہ کی ضرورتیں آسانی سے پوری ہوں گی۔ لیکن اگر نرخ بڑھ جائیں تو اس سے عام لوگوں کے خریدنے کی قوت کم ہو جائے گی۔ دوکانوں اور کارخانوں میں پوری طرح "محنت" کے باوجود ضروریاتِ زندگی سے وہ محروم ہو جائیں گے جس کا لازمی نتیجہ یہ ہوگا کہ ان کی زندگی کا معیار گر جائے گا۔ لیکن دوسری طرف تاجر اور صنعت کار خوب فائدہ اُٹھائیں گے اور دولت چند لوگوں کی طرف سمٹنا شروع ہو جائے گی اس طرح امیر، امیر تر ہونا شروع ہو جائیں گے اور غریب، غریب تر۔ اس قسم کی صورت حال کا مقابلہ کرنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ خریدار اور فروخت کرنے والے کے درمیان "عدل" (انصاف) قائم کیا جائے۔ ایسا انصاف جس سے تجارتی بدعنوانیاں ختم ہو جائیں اور کسی کو کسی بھی طریقے سے نقصان نہ پہنچے۔ [1] شاہ ولی اللہؒ کی رائے یہ ہے کہ معاشرے میں تاجر، صنعت کار اور خریداروں کے درمیان اس انصاف کے قائم کرنے کے باوجود بھی اگر تجارتی بدعنوانیاں پائی جائیں اور لوگ ان بدعنوانیوں کو محسوس کرنے لگیں تو پھر اس قسم کے تجارتی نظام کا بدلنا اور ان بدعنوانیوں کا فوری خاتمہ کرنا چاہیے۔ اس لئے کہ اگر ایسا نہ کیا گیا تو ملک تباہ و برباد ہو جائے گا۔ [2]

**مال و دولت کا ذخیرہ** صنعت و تجارت میں جو چیز سرمایہ دارانہ (قیصر و کسریٰ) کے نظام کو قوت پہنچاتی ہے وہ مال و دولت کا ذخیرہ کرنا ہے۔ اس کی دو صورتیں ہیں۔

۱۔ تجارتی اور صنعتی مال کو خریداروں تک پہنچانے کی بجائے صرف اس لئے روکنا کہ اس کے دام بڑھ جائیں تو فروخت کیا جائے۔ اس طرح "مال" روکے رکھنے کو احتکار کہتے ہیں۔

۲۔ تجارت، صنعت یا زراعت سے جو روپیہ، سونا، چاندی وغیرہ "سرمایہ" حاصل ہو اس کو اس لئے عرصے تک جمع رکھنا کہ یہ دولت ہمارے پاس اکٹھی ہوتی رہے۔ اور اس سے لوگ فائدہ نہ اُٹھائیں اور اس کی گردش (تجارتی یا صنعتی کاروبار کی صورت میں) نہ ہو۔ اس طرح "دولت" کے روکنے کو اکتناز کہتے ہیں۔

اسلام نے ان دونوں صورتوں کی ہر شکل کو حرام قرار دیا ہے۔ شاہ صاحبؒ کا خیال ہے کہ قیصر و کسریٰ یعنی جاگیردارانہ نظام کی جڑ بھی دو صورتیں ہیں۔ پہلی صورت یعنی احتکار میں تاجر و صنعت کار کی خواہش یہ ہوتی ہے کہ اس کو جائز منافع کی بجائے کافی منافع ملے اور وہ راتوں رات "دولت مند" بن جائے۔ دوسری صورت یعنی اکتناز میں اس کی نیت یہ ہوتی ہے کہ یہ دولت اس کا اپنا حق ہے۔ چاہے جمع کرے چاہے اپنی ذات پر خرچ کرے یا

---

[1] حجۃ اللہ البالغہ جلد دوم ص ۲۳۵۔ [2] ایضاً۔

© rasailojaraid.com

